# شیخ سعید احمد سیٹھی کا انتقال پر ملال

انجمن اہل حدیث جہلم کے سابق جائنٹ سیکرٹری جناب سیٹھی سعید احمد (سیف کریانہ سٹور چوک اہل حدیث، جاوید کریانہ سٹور بلال ٹاؤن) مورخہ 24 دسمبر کی شب انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم عرصہ تین سال سے دل کے عارضہ میں مبتلا تھے۔ جہلم اور لاہور کے مختلف تجربہ کار ڈاکٹروں کے زیر علاج تھے مگر یہ آخری اٹیک جان لیوا ثابت ہوا۔ عشاء کے بعد 7:35 بجے اللہ کی طرف سے بلاوا آیا اور کلمہ پڑھتے ہوئے اس فانی دنیا سے رخصت ہو گئے۔ اللھم اغفرله و ارحمه

مرحوم مقامی انجمن اہل حدیث میں بڑا بھرپور کردار ادا کرتے رہے۔ ایک وقت میں جب والد مرحوم حضرت مولانا حافظ عبدالغفور رحمہ اللہ نے جامعہ علوم اُثریہ موجودہ جامعہ اُثریہ للبنات کی تعمیر کا بیڑا اٹھایا تو مرحوم سعید صاحب نے جامعہ کے نقشہ کی تیاری سے لے کر اس کی تعمیر تک بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ جامعہ کی مختلف تقاریب اور کانفرنسوں میں بیرونی مہمانوں کے انتظامات میں بڑی دلچسپی سے رات دن ایک کر کے کام کرتے۔ مرحوم نے سوگواران میں بیوہ، چار بیٹے (جاوید، عبدالماجد، انوار احمد، رضوان) اور ایک شادی شدہ بیٹی چھوڑی ہیں۔ مرحوم کی وفات سے مقامی جماعت ایک مخلص، زیرک، دانشور اور تجربہ کار ساتھی سے محروم ہو گئی ہے۔ ادارہ ''حرمین''، مقامی جماعت اور جامعہ کے منتظمین، اساتذہ اور طلبہ مرحوم کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی بشری غلطیوں، کوتاہیوں اور صغیرہ وکبیرہ گناہوں کو معاف فرمائے۔ آمین

# افتخار بھٹی اور ڈاکٹر ممتاز انصاری صاحبان کو صدمہ

لالہ زار کالونی میں رہائش پذیر جناب عبدالقیوم بھٹی صاحب جن کا شمار مقامی جماعت کے بزرگ ساتھیوں میں ہوتا تھا، یکم رمضان المبارک کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم بڑے اچھے اخلاق کے مالک اور وضع دار انسان تھے۔ سب سے بڑی خندہ پیشانی سے پیش آتے۔ والد مرحوم حضرت حافظ عبدالغفور رحمہ اللہ کے ساتھیوں میں سے تھے۔ ادارہ ''حرمین'' اور مقامی جماعت و جامعہ ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کی بلندی درجات کیلئے دعا گو ہیں۔